# کیا آپ تیار ہیں؟

ایک منصوبہ بنائیں

ایک کٹ تیار کریں

باخبر رہیں

اپنے پڑوسیوں کو جانیں



ہنگامی حالات کی تیاری کی معلومات برائے شہرہیوسٹن،
ہیریس، فورٹ بینڈ، مونٹگمری، برازوریا اور گیلویسٹن کاؤنٹیز

READY HOUSTON
WWW.READYHOUSTONTX.GOV



کھاڑی کے ساحلی خطے میں رہ چکا کوئی بھی فرد جانتا ہے کہ کسی آفت کا اندیشہ ایک ایسا امکان ہے جس کے لیے باشندگان کو تیار رہنا چاہیے۔

حالیہ برسوں میں، اس خطے کے باشندگان کئی بڑی بڑی آفتوں کا سامنا کرچکے ہیں - ہریکین اور سیلاب سے لے کر کیمیاوی مادوں کے رساؤ اور پلانٹ کے دھماکوں تک۔

## بنیادی کٹ کے سازوسامان کی فہرست:

5 سے 7 دنوں کی ضروریات کے لیے کافی ہو، کا مشورہ دیا جاتا ہے

- ❑ پانی (فی دن فی فرد ایک گیلن، پینے اور صفائی کے لیے)
- ❑ خراب نہ ہونے والی غذا
- ❑ بیٹری سے چلنے والا یا دستی کرینک ریڈیو اور موسم سے متعلق ریڈیو جس میں ٹون الرٹ ہو، ساتھ ہی دونوں کے لیے اضافی بیٹریاں
- ❑ فلیش لائٹ اور اضافی بیٹریاں
- ❑ ابتدائی طبی مدد کا کٹ اور بارش کا سازوسامان
- ❑ مدد کا اشارہ کرنے کے لیے سیٹی
- ❑ ہوا کو فلٹر کرنے کے لیے فلٹر ماسک یا سوتی ٹی شرٹ
- ❑ نجی صفائی کے لیے نم تولیہ، کوڑے کے تھیلے اور پلاسٹک کی ڈوریاں
- ❑ افادہ جات (بجلی اور پانی) کو بند کرنے کے لیے رینچ یا پلائر
- ❑ ڈبہ کھولنے والا دستی آلہ اگر کٹ میں ڈبہ بند غذا ہو
- ❑ پناہ والی جگہ کے لیے پلاسٹک کی چادر اور ڈکٹ ٹیپ
- ❑ خاندان کی انفرادی ضروریات کے لیے اشیاء جیسے کہ روزانہ لی جانے والی تجویزکردہ دوائیں، شیرخوار بچے کا فارمولا اور ڈائپرس
- ❑ کاغذی تولیہ اور قابل ضیاع پیالیاں، رکابیاں اور برتن
- ❑ نقد یا ٹریولرس چیک، ریزگاری
- ❑ آگ بجھانے والا آلہ
- ❑ واٹر پروف ڈبہ میں ماچس
- ❑ جراثیم کش
- ❑ کسی واٹر پروف ڈبہ میں اہم خاندانی دستاویزات کی کاپیاں
- ❑ کتابیں، بورڈ گیم اور دیگر بجلی کے بغیر چلنے والے دیگر تفریحی لوازمات

## مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں؟

آج ہی **کیا آپ تیار ہیں؟** کی اپنی DVD کی کاپی کا آرڈر دیں۔ یہ ویڈیو خاص طور سے ہیوسٹن خطہ کے لیے تیار کیا گیا ہے اور اس میں شامل ہیں کسی ایمرجنسی کے لیے اپنے اہل و عیال کی تیاری میں مدد کے لیے مرحلہ وار معلومات۔

READY HOUSTON
WWW.READYHOUSTONTX.GOV

محکمہ برائے ہوم لینڈ سیکورٹی سے مالی امداد یافتہ
ہیوسٹن UASI کمیونٹی پریپیئرڈنیس کمیٹی کا پروجیکٹ
شہر ہیوسٹن کے آفس آف پبلک سیفٹی اینڈ ہوم لینڈ سیکورٹی کے ذریعہ پیش کردہ

04/12










## ایک منصوبہ بنائیں

تیاری سے متعلق ایک اچھا منصوبہ کسی ہنگامی صورت حال کے ذریعہ پیدا ہونے والی بوکھلاہٹ اور خوف کو روک سکتا ہے یا کم ازکم ان میں کمی کر سکتا ہے۔ صرف یہ جاننا کہ جب آپ کے علاقے یا گھر میں کوئی آفت آجائے تو کیا توقع کی جائے، آپ کے خاندان کی حفاظت کی کنجی ہے۔ مدد یا معلومات کے مناسب ذرائع سے رابطہ کر کے پہلے سے ہی منصوبہ بندی شروع کردیں۔

اگر پبلک اسکولوں میں آپ کے بچے ہیں تو وقت نکال کر اسکول کے تیاری کے منصوبوں کی تفصیلات کی جانکاری اور اس بات کی بالکل درست معلومات حاصل کرلیں کہ کسی آفت کے دوران اسکول کے اہلکار سے کیسے مواصلات کرنا ہے۔

### تفاعلی اور رسائی کی ضروریات

اگر کسی – خاص طور سے بزرگ یا معذور- کے پاس نقل و حمل کا ذریعہ نہیں ہے، خاندان یا پڑوسی کا تعاون حاصل نہیں ہے تو نقل و حمل کے ذرائع سے متعلق مدد کے لیے انھیں پہلے سے ہی رجسٹریشن کرالینا چاہئے۔ نقل و حمل کے ذرائع سے متعلق مدد کے لیے پیشگی رجسٹریشن کرانے کی خاطر آج ہی 2-1-1 ڈائل کریں۔

کچھ بہترین آن لائن ذرائع **www.readyhoustontx.gov** پر مل سکتے ہیں۔

## ایک کٹ تیار کریں



ایک فیملی ایمرجنسی کٹ تیار کرنا انتہائی اہم ہے۔ ہنگامی حالات کے دوران آپ کو کچھ عرصے خود پر انحصار کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ دو طرح کے کٹ پر غور کر سکتے ہیں: ایک ساتھ لے جانے کے لیے ضروری سازوسامان کا تھیلا (گو بیگ) اور دوسرا گھر پر قیام کے لیے ضروری سازوسامان کا کٹ۔ ساتھ لے جانے کے لیے ضروری سازوسامان کا تھیلا وہ ہے جسے آپ انخلاء کی صورت میں اپنے ساتھ لے جائیں گے۔ گھر پر قیام کے ضروری سازوسامان کا کٹ اس وقت کام آئے گا جب آپ اپنے گھر میں پناہ لیں گے۔ پینے کا پانی اور خراب نہ ہونے والی غذا لازمی ہے لیکن اپنے پالتو جانوروں کے لیے نہ بھولیں۔ فلوفی اور فیڈو کے لیے بھی ضروری سامان ضرور شامل کرلیں۔



ایمرجنسی کٹ چیک لسٹ حاصل کرنے کے لیے **www.readyhoustontx.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

## باخبر رہیں

### (آفات سے پہلے، آفات کے دوران اور بعد میں)

اپنی اور اپنے خاندان کی سلامتی کے لیے، اور اپنی کمیونٹی کی سلامتی کے لیے: آج ہی اس بات کو یقینی بنانا شروع کردیں کہ آپ کا خاندان اور آپ کا پڑوس آفات سے پہلے، اس کے دوران اور بعد میں ان سے نمٹنے اور ان سے ابھرنے کے لیے تیار ہوں۔



کسی ہنگامی صورتحال میں مقامی حکام کے ذریعہ ایمرجنسی الرٹ سسٹم کو فعال کردیا جاتا ہے۔ KTRH 740 AM کے علاوہ KUHF 88.7 FM بھی ہنگامی حالات سے متعلق تازہ معلومات کے لیے قابل بھروسہ ہے۔ خبروں اور موسم کے ذرائع سے متعلق مزید لنک **www.readyhoustontx.gov** پرحاصل کریں۔

### اپنے پڑوسیوں کو جانیں

کھاڑی کے ساحلی خطہ کے باشندگان جانتے ہیں کہ کام کو پورا کرنے کے لیے کیسے ساتھ مل کر کام کرنا ہے۔ جیسا کہ ہم نے 2008 میں ہریکین Ike کے بعد دیکھا، کسی آفت کے فوراً بعد آپ کے پڑوسی ہی مدد کا سب سے بہتر ذریعہ ہوسکتے ہیں۔